4-Mar-13

پریس ریلیز

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی حج وعمرہ قرعہ اندازی۔4 خوش نصیب بیت اللہ کی زیارت کریں گے۔

کراچی(پ۔ر) عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی جانب سے حج 2013 کیلئے اسٹاف ممبران کے درمیان حج وعمرہ قرعہ اندازی کی گئی جس میں دو کارکنان محمد ایوب (ڈرائیور) او رعارف بٹ (اسسٹنٹ)حج کیلئے جبکہ اسٹاف نرس روبینہ اپنے محرم کیساتھ عمرہ کیلئے کامیاب قرار پائے۔تینوں افراد عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل میں گزشتہ 10 برس سے زائد عرصہ سے خدمات انجام دے رہے ہیں۔عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ گزشتہ کئی برسوں سے حج کیلئے اپنے کارکنان کو بذریعہ قرعہ اندازی منتخب کرتا ہے اوران خوش نصیبوں کی تعداد میں ہر سال اضافہ کیا جارہا ہے۔پچھلی مرتبہ سے ایک خوش آئند اضافہ یہ کیا گیا تھا کہ حج کے ساتھ ساتھ عمرہ قرعہ اندازی بھی متعارف کرائی گئی تھی جس کے تحت ایک خوش نصیب جوڑا پچھلے برس سے عمرہ کی سعادت بھی حاصل کرتا رہا ہے۔اس مرتبہ عمرہ قرعہ اندازی کے منتخب خوش نصیب افراد محترمہ روبینہ اور انکے محرم قرار پائے۔

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی انتظامیہ ملازمین کی فلاح و بہبود اور انکی دیگر ضروریات کا بھرپور خیال رکھتی ہے اوراس سلسلے میں اکثر و بیشتر مختلف اسکیمیں اور ویلفیئر پروگرام متعارف کراتی ہے جس میں آسان قرضہ،موٹر سائیکل لون اسکیم،تعلیمی وظائف اوراسکالرشپ وغیرہ شامل ہیں۔

#